17/04/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  محمد اعظم سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے سول سیکرٹریٹ سرینگر میں ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کی عمل آوری کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ پروگرام صرف ایک پالیسی نہیں بلکہ کسانوں کو بااختیار بنانے ، زرعی شعبے کو جدید بنانے اور 2030 تک جموں و کشمیر کو ایک لاکھ کروڑ روپے کی زرعی معیشت بنانے کا عزم ہے۔

کسانوں سے اپنی حکومت کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے ، انہوں نے کہا کہ ہر HADP  اسکیم کے تحت لگائے گئے ہر روپیہ کا مقصد کسانوں کو براہ راست فائدہ پہنچانا ہے ، ہر پلیٹ فارم اور

اسی دوران وزیر اعلیٰ نے جموں میں کل طوفانی ہوائیں چلنے کے سلسلے میں انتظامیہ سے رپورٹ طلب کی ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے تمام ضروری اقدامات کئے جائیں گے ۔

ایل جی ملاقات

ممبر اسمبلی سانبہ سرجیت سنگھ سلاتھیہ نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہاسے ملاقات کی اور اپنے حلقہ کے عوامی اہمیت کے مختلف مسائل کو پیش کیا۔

بی جے پی کے ترجمان گورو گپتا نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔

## چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے Compensatory Afforestation Fund Management and Planning Authority کی 25 ویں اسٹیئرنگ کمیٹی میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے محکمہ پر زور دیا کہ وہ مقررہ وقت میں طے شدہ اہداف کے حصول کے لئے تندہی سے کام کریں۔

چیف سکریٹری نے افسران سے کہا کہ وہ جنگلات کے ارد گرد ستونوں کا کام جلد مکمل کریں ، ساتھ ہی جنگلاتی اراضی کی ڈیجیٹائزیشن بھی پائے تکمیل تک پہنچائے ۔

## حج

حج کمیٹی نے جموں کشمیر کے عازمین حج کے لئے ویکسینیشن پروگرام جاری کیا ہے ۔ پروگرام کے مطابق سرینگر ضلع کے عازمین کی ویکسینیشن حج ہاوس بمنہ میں کی جائے گی جبکہ اننت ناگ ، بارہمولہ ،بانڈی پورہ ، بڈگام ، گاندربل ، کولگام ، کپواڑہ ، پلوامہ ، شوپیان اضلاع سے تعلق رکھنے والے عازمین کی ویکسینیشن متعلقہ CMO کی طرف سے طے شدہ جگہ پر 21 سے 23 اپریل تک ہوگی ۔

واضح رہے کہ اس سال حج پروازوں کا سلسلہ4مئی کو شروع ہوکر15مئی کو اختتام پذیر ہو گا اور یہ پروازیں سرینگر ہوائی اڈے سے براہ راست مدینہ منورہ کےلئے روانہ ہوں گی۔

## میٹ

محکمہ زراعت کی طرف سے انڈیا انٹرنیشنل کشمیر سیفران ٹریڈنگ سینٹر دسو پانپور میں ایک بڑے Buyer-Seller میٹ کا انعقاد کیا گیا ۔

اس طرح کے پروگراموں سے یہاں کی زعفران صنعت کو فروغ اور کسانوں کو اپنی پید ا وار کی اچھی قیمت حاصل ہوگی ۔

اس حوالے سے محکمہ زراعت کے جوائنٹ ڈائریکٹر سرتاج احمد شاہ نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

## ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بھٹ نے ضلع میں پانی کی نکاسی کے حوالے سے مستحکم ڈرینیج سسٹم کی ضرورت اجا گر کی ہے۔ ڈی سی آفس کمپلیکس میں افسران کی ایک

میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نکاسی کے منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے ۔

ڈی سی نے شہری بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور سرینگر کے باشندوں کو ماحولیاتی خطرات سے بچانے کے لئے انتظامیہ کے عزم کا اعادہ کیا۔

ٹولپ

سرینگرمیں قائم باغ گلِ لالہ مینان دنوں سیلانیونکی جوق در جوق آمد کا سلسلہ جاری ہے ۔ کل 23 ہزار 210 سیلانیوں نے ایشیا کے اس سب سے بڑے ٹولپ گارڈن کی سیرکی ۔

اس طرح اس سال باغ کے کھولے جانے سے کل شام تک تقریباً 7 لاکھ22 ہزار سیاح ٹولپ گارڈن کا نظارہ کر چکے ہےں ۔ ان میں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیاح شامل ہیں۔

روزگار میلہ

ضلع انتظامیہ بارہمولہ نے فوج کی ڈیگر ڈویژن کے اشتراک سے ضلع میں ایک روزگار میلے کا اہتمام کیا ۔ اس میلے میں 28 کمپنیوں کی طرف سے مقامی نوجوانوں کے لئے روزگار کے ایک ہزار مواقعہ فراہم کئے گئے ۔

اس موقعہ پر ممبر اسمبلی بارہمولہ جاوید بیگ، ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیرپا ،فوج کے سینئر آفیسران اور کمپنیوں کے نمائندے موجود تھے ۔ اس میلے میں بے روزگار نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد نے بھی شرکت کی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ